حیسکو پریس رلیز مورخہ :11.01.2022

# حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر نور احمد سومرو کی ہدایات پر پورے حیسکو ریجن کے علاقوں میں بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف کاروائیاں جاری ہیں، ٹنڈو جام اور سہون سب ڈویژنوں کے علاقوں میں کارروائیوں کے دوران 348 بجلی کے میٹروں کی سیکیورنگ کر کے نادہندگان کے 132 بجلی کنکشن واجبات کی عدم ادائیگی پر منقطع کردیئے گئے ہیں، بجلی چوروں کے 295 کنکشن منقطع کیئے گئے ہیں۔ حیسکو ترجمان

حیدرآباد ( ) حیسکو ترجمان کے مطابق حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر نور احمد سومرو کی ہدایات پر حیسکو ریجن کے تمام علاقوں میں بڑے پیمانے پر بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ اس سلسلے میں سپرنٹینڈنگ انجنیئر آپریشن سرکل حیدرآباد نثار احمد میمن نے آپریشن سب ڈویژن ٹنڈو جام میں کارروائیاں کے دوران 172 بجلی کے کنکشنوں اور میٹروں کی سیکیورنگ کی گئی اور نادہندگان کے واجبات کی عدم ادائیگی پر 53 بجلی کنکشن منقطع کردیئے گئے اور بجلی چوروں کے 133 غیر قانونی کنڈہ کنکشن موقع پر منقطع کردیئے گئے۔ مزید برآں آپریشن سب ڈویژن سہون میں SDO سہون سہیل احمد کمبھر نے سہون شہر کی مارکیٹوں اور رہائشی علاقوں میں کارروائی کرتے ہوئے واجبات کی عدم ادائیگی پر 69 نادہندگان کے بجلی کنکشن منقطع کیئے اور بجلی چوروں کے 161 غیر قانونی کنڈہ ہٹائے گئے اور تاریں ضبط کرلی گئی ہیں، اور بجلی چوروں کے خلاف مروجہ قانونی کارروائی کیلیئے متعلقہ تھانوں میں بجلی چوری کی ایف آئی آر درج کرانے کیلیئے لیٹر بھی جمع کرادیئے ہیں۔ واضح رہے کہ حیسکو چیف کی ہدایات ہیں کہ صارفین سے خوش اخلاقی سے بات کریں، کیونکہ حیسکو صارفین حیسکو کے محافظ ہیں ہمیں ان کی قدر کرنی چاہیئے، بجلی چوروں کے خلاف محکماجاتی کارروائی عمل میں لائی جائے، نادہندگان کے بجلی کے بلوں کی ادائیگی چیک کرتے ہوئے نادہندگان کو موقع پر ہی فوری بجلی کے بلوں کی اقساط بنا کے دی جائیں، واجبات کی عدم ادائیگی اور بجلی چوری کے خاتمے تک یہ کارروائیاں جاری رکھیں۔ آپ کے تعاون کا متمنی۔ حیسکو




حیدرآباد: حیسکو چیف نور احمد سومرو کی ہدایات پر پورے حیسکو ریجن کے علاقوں میں بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف کاروائیاں اور بجلی کے میٹروں کی سیکیورنگ کی جارہی ہے